# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 06, 2025

پریس ریلیز

## شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تعلیمی سال دو ہزار پچیس چھبیس کے لیے یونیورسٹی پروسپیکٹس جاری کیا؛ یونیورسٹی نے نئے سیشن میں داخلہ کے لیے دروازہ کھولا

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروسپیکٹس جاری کردیا اور نئے تعلیمی سیشن دو ہزار پچیس چھبیس میں داخلے کے دروازے کھول دیے۔ پروسپیکٹس کمیٹی کے اراکین کی موجودگی میں پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ساتھ ایک سو پینتالیس صفحات کا پروسکپٹس آن لائن جاری کیا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس تعلیمی سال سے تعلیمی فضیلیت کو بہتر کرنے اور ہنرمندی کے فروغ کے مقصد سے چودہ نئے کورسیز متعارف کرائے ہیں۔وہ چودہ نئے کورسیز یہ ہیں: بیچلر آف ڈیزائن (بی۔ڈیس) چار سالہ، بی ایس سی (آنرس) کمپوٹر سائنس (چار سالہ) سرٹیفکٹ (ڈیزائن اینڈ انوویشن) سیلف فینانس ایوننگ: سرٹیفکٹ (ٹیکسٹائل ڈیزائن) سیلف فینانسڈ ایوننگ؛ پی جی ان فائر سیفٹی، لفٹس اینڈ پلمبنگ سروسیز (سیلف فینانسڈ)؛ سرٹیفکٹ (گرافک آرٹ) (پرنٹ میکنگ) سیلف فینانسڈ ایوننگ: ایم ایف اے (کیورےٹوریل پریکٹیسز) سیلف فینانسڈ؛ ایم۔ایف۔اے (آرٹ مینجمنٹ) سیلف فینانسڈ؛ ایم ایف اے (کنسپشوئل آرٹ پریکٹس) سیلف فینانسڈ؛ ایم۔ایف۔اے (گرافک آرٹ) (پرنٹ میکنگ) سیلف فینانسڈ،؛ سرٹیفکٹ (آرٹ اینڈ ایستھٹکس) سیلف فینانسڈ، ایوننگ، سرٹیفکٹ (کریٹیو فوٹوگرافی) سیلف فینانسڈ؛ سرٹیفکٹ (کالی گرافی) سیلف فینانسڈ ایوننگ اینڈ سرٹیفکٹ (آرٹ اپریسی ایشن اینڈ آرٹ رائٹنگ) سیلف فینانسڈ، ایوننگ۔

بیرونی طلبہ اور این آر آئیز وارڈس جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہاں لانے کے لیے جامعہ نے سارک ممالک کے درخواست دہندگان کی فیس میں تخفیف کے ساتھ ساتھ یونیورسٹی پولی ٹکنک کے زیر اہتمام ڈپلوما کورسیز کے لیے غیر ملکی طلبہ اور این آر آئیز وارڈس کی فیس بھی کم کردی ہے۔

بی ڈی ایس پروگرام میں دو سیٹیں (جن میں داخلہ نیٹ کے ذریعہ ہوتا ہے) غیر ملکی طلبہ کے لیے مخصوص کی گئی ہیں۔ جامعہ

ملیہ اسلامیہ پی ایچ ڈی کے لیے درخواست دینے والے غیر ملکی طلبہ اب داخلے کے لیے آن لائن انٹرویو دے سکتے ہیں کیوں کہ انھیں ویزا حاصل کرنے میں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا اور انٹرنس کی کاروائی کے ضابطوں کے مطابق داخلے کے انٹرویو میں شامل ہونے کے لیے ہندوستان آنا پڑتا تھا۔

ڈاکٹر احتشام الحق، ڈپٹی کنٹرولر امتحانات نے پروسپیکٹس کے آن لائن اجرا کے موقع پر اس کے بعض اہم نکات بتائے جن میں سی یو ای ٹی کے توسط سے داخلہ والے پروگراموں کی تعداد میں اضافہ اور این ای پی رخی پروگرام شامل تھے۔ پچیس پروگراموں (نو یو جی پروگرام، پانچ پی جی پروگرام، آٹھ ڈپلوما اور تین ایڈوانسڈ ڈپلوما پروگرام) میں داخلے سی یو ای ٹی میرٹ کوڈ نمبرات کی بنیاد پر ہوں گے۔ سی یو ای ٹی داخلہ عمل کے تحت گزشتہ سال کے بیس پروگراموں کے مقابلے میں اس کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

طلبہ کے لیے زیادہ سہولت فراہم کرتے ہوئے دہلی کے سفر کو ختم کرنے کے ساتھ پورے ہندوستان سے طلبہ یہاں آئیں اس کی گنجائش پیدا کرتے ہوئے جامعہ نے مالیگاؤں اور بھوپال سمیت ملک کے نو شہروں میں انتیس پروگراموں کے انٹرنس ٹسٹ کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔

پروفیسر مظہر آصف نے پروسپیکٹس کے بروقت اجرا پر پروسپیکٹس کمیٹی اور کنٹرولر امتحانات کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا،''اس سال ہم نے بڑی تعداد میں نئے پروگرام شروع کیے ہیں جنھیں قومی تعلیمی پالیسی کے رہنما اصولوں کے مطابق خاص طور پر تیار کیا گیا ہے۔ ہم نے سوچا ہے کہ جامعہ میں رجسٹرڈ ہر طالب علم کو ملازمت کے امکانات بہتر کرنے کے لیے اپنے نصاب کے علاوہ کم از کم ایک ہنر کی تحصیل ضرور کرنی چاہیے۔ غیر ملکی طلبہ کی تعداد میں اضافے کے ساتھ ہم اپنے تاباں و دلکش اور کثیر تہذیبی تعلیمی برادری کی ثروت مندی کے لیے پابند عہد ہیں۔ ہماری توجہ جی ٹو ینٹی کے تحت طلبہ کو یہاں پڑھنے کے لیے آمادہ کرنا ہے۔ اس کے علاوہ ہم نے سارک ممالک کے درخواست دہندگان کی فیس میں بھی تخفیف کی ہے۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ اس تعلیمی سال سے جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ہندوستانی اور بیرونی زبانوں کی تدریس کو دیگر آموزش کے سرکردہ اداروں کے مساوی بہتر انداز میں فروغ دیا ہے پروفیسر مظہر آصف نے مزید کہا' جامعہ نے اپنے نصابی کورس میں ہندوستانی معلومات نظام سے متعلق بڑی تعداد میں اہم کورسیز شامل کیے ہیں۔ دہلی میں موجود بیرونی سفارت خانوں کے سرگرم اشتراک سے متعدد بیرونی زبانوں میں کورسیز لانے کے سلسلے میں ہم کام کر رہے ہیں۔ روایتی اور ہندوستانی معلومات نظام کے مطالعے اور تدریس کو فروغ دینے کے لیے اصلاحی کوششیں جامعہ کی موجودہ انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ ہماری توجہ طلبہ کی مجموعی ترقی و خوش حالی پر بھی ہے جس کے حصول کے لیے ہم نئے تعلیمی سال سے کیمپس میں آئی ٹی سہولیات، سیلف فینانس ڈے ٹائم طلبہ کے لیے کھیل کود سے متعلق سہولتیں اور شام کی میڈیکل او پی ڈی فراہم کرنے جا رہے ہیں۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے گزشتہ چند مہینوں میں پروسپیکٹس کمیٹی کے اراکین کی تن دہی،

جانفشانی اورغور وخوض کی ستائش کی جس کی وجہ سے یونیورسٹی کا پروسپیکٹس بروقت جاری ہوسکا۔ پروفیسر رضوی نے کہا کہ 'اس سال چودہ نئے کورسیز کا شروع کیا جانا تعلیمی فضیلت اور تدریسی نصاب میں جدت واختراعیت اور نئی نئی تحقیق کی شمولیت کے تئیں یونیورسٹی کے عہد پر روشنی پڑتی ہے۔ان کورسیز کو بغور تیار کیا گیا ہے جو صنعتوں کے تقاضوں کی تکمیل کرتے ہیں اور طلبہ کو ان کے متعلقہ شعبے میں نئی نئی معلومات واطلاعات سے آراستہ کرتے ہیں۔ہم نے اپنے ٹسٹ کے مراکز کی تعداد بھی بڑھادی ہے تا کہ دوردراز علاقوں کے طلبہ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پڑھنے کے مواقع نہ گنوادیں۔طلبہ کی ہمہ جہت ترقی اوران کے جامع نشو ونما کو یقینی بنانے کے لیے متعدد نئی سہولیات بھی انھیں فراہم کرائی جائیں گی۔

پروسپیکٹس کے اجرا کے بعد تعلیمی سال دوہزار پچیس چھبیس میں داخلے کے لیے اب درخواست دی جاسکتی ہے۔خواہش مند امیدوار https://admission.jmi.ac.in.

اس سائٹ پر موجود پروسپیکٹس ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔یونیورسٹی کے آن لائن ایڈمیشن پورٹل سے بھی طلبہ درخواست دے سکتے ہیں اور داخلہ سے متعلق سوالات کے لیے پروسپکٹس دیکھ سکتے ہیں۔

پروسپیکٹس میں تعلیمی سال دوہزار پچیس چھبیس میں مختلف انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور ڈاکٹرل پروگراموں میں داخلے سے متعلق تازہ ترین اور جامع معلومات فراہم کرائی گئی ہیں جیسے امیدواروں کی داخلہ اہلیت،درخواست کی آخری تاریخیں،انٹرنس ٹسٹ کی تاریخیں،کورس کی فیس اور مدت اور دیگر تفصیلات مرحلہ وار دی گئی ہیں تا کہ داخلہ کارروائی کے دوران طلبہ کو پریشانیوں اور مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی